بسم اللہ الرحمن الرحیم

In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful

Press Desk

Ahmadiyya Muslim Jamaat
INTERNATIONAL
(INDIA)

PRESS RELEASE

Dated: May 06, 2015

A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860

احمدیہ مسلم جماعت عالمگیر کے امام نے
IAAAE (International Association of Ahmadi Architects and Engineers)
کے سالانہ سمپوزیم میں اختتامی خطاب ارشاد فرمایا



جماعت احمدیہ عالمگیر کے امام حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے فرمایا کہ ”خدمت انسانیت اسلامی عقائد کا ایک اہم جزء ہے۔“

مورخہ 2 مئی 2015ء کو جماعت احمدیہ عالمگیر کے پانچویں خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے International Association of Ahmadi Architects and Engineers (IAAAE) کے یوروپین چیپٹر کے سالانہ سمپوزیم میں اپنا خطاب ارشاد فرمایا۔ یہ سمپوزیم مسجد بیت الفتوح لندن میں منعقد ہوا۔

حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے اپنے روح پرور خطاب میں فرمایا کہ خدمت انسانیت اسلامی عقائد کا ایک اہم جز ہے۔ آپ نے فرمایا کہ IAAAE جیسی فلاحی تنظیمیں بے حد خوش قسمت ہیں کیونکہ ان کی خدمات خدا تعالیٰ کے انعامات کے حصول کا باعث ہیں۔

حضور انور نے اپنے خطاب کے آغاز میں مخلوق خدا کی ہمدردی میں ان کو راحت پہنچانے کے حوالہ سے احمدیہ مسلم جماعت کے عزم کا ذکر فرمایا۔

"احمدیہ مسلم جماعت فلاحی خدمات بے لوث ہو کر اور بغیر کسی دنیاوی مقصد کے سرانجام دیتی ہے۔ یہ صرف اس وجہ سے نہیں کہ دوسروں کی مدد کرنے کے لئے یہ ایک بنیادی اخلاقی فرض ہے بلکہ اس حقیقت کی وجہ سے بھی ہے کہ بحیثیت مسلمان انسانیت کی خدمت ہمارے ایمان کا ایک اہم حصہ ہے۔"

حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے فرمایا:

''قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے بار بار حقیقی مومنوں کو انسانی حقوق کی ادائیگی اور ہر ضرورت مند اور ہر پریشان حال لوگوں کی مدد کی ہدایت فرمائی ہے۔ قرآن مجید نے بالخصوص معاشرے کے پسماندہ طبقہ کے افراد کی خدمت پر زور دیا ہے۔ ایسے افراد کی جو غربت کے شکار ہیں، مفلس ہیں یا پھر جو یتیمی کی زندگی گذار رہے ہیں۔''

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عدیم المثال خدمت انسانیت کی مثالیں پیش کرتے ہوئے حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے فرمایا:

''حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے بار بار تاکید فرمائی ہے کہ انسانی حقوق کی ادائیگی ضروری ہے۔ اور جب ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مبارک اسوہ پر غور کرتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے انسانیت کی ہر ممکن طریق سے خدمت کی ہے اور ہمیشہ دوسروں کو آرام اور آسانی پہنچانے کے لئے اپنے آرام کو قربان فرمایا ہے۔ ایک مرتبہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ ایمان کا مطلب ہی بھلائی چاہنا اور دوسروں کے تئیں وفادار رہنا اور ان کے حقوق ادا کرنا ہے۔''

IAAAE کی طرف سے تیسری دنیا کے مختلف مقامات میں کئے گئے فلاحی اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے فرمایا:

''اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ IAAAE نے ضرورت مندوں کا دکھ دور کرنے کے لئے اور ان کو آسائش پہنچانے کے لئے بہت سے منصوبے بنائے ہیں۔ مثال کے طور پر، انہوں نے لوگوں کو پینے کا پانی فراہم کرنے کے لئے ہزاروں سوکھے کنوؤں میں پانی لانے کا کامیاب تجربہ کیا۔ اور پھر Model Village Project کے تحت انہوں نے تیسری دنیا میں بسنے والے محروم لوگوں کو رہائش گاہیں اور معاشی ضروریات فراہم کی ہیں۔''

نیز حضور انور نے فرمایا:

''ہمیشہ یاد رکھیں اور اس حقیقت کو پہچانیں کہ آپ خوش قسمت ہیں کہ آپ دوسروں کو آرام و آسائش پہنچانے کے میدان میں خدمت کر رہے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے یہ وعدہ کیا ہے کہ وہ ایسے وقف کی روح سے کام کرنے والوں کو آخرت میں آرام و آسائش پہنچائے گا۔''

حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زندگی کا ایک واقعہ بیان فرمایا ہے جب کچھ نوجوانوں نے ایک بزرگ خاتون کے سر پر سے پانی کے برتن کو گرا دیا تھا۔ حضور نے فرمایا کہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس عورت کو پہنچائی گئی تکلیف سے بے حد پریشان ہوئے۔

اس واقعہ پر تبصرہ کرتے ہوئے حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے فرمایا:

''اس بزرگ خاتون کو آرام پہنچانے کی بجائے اور پانی لے جانے میں اس کی مدد کرنے کی بجائے، ان

نوجوانوں نے اس کو بہت درد اور تکلیف پہنچائی لیکن IAAAE کے افراد بے انتہاء مبارک ہیں کیونکہ غربت زدہ خواتین کے سر پر سے پانی کے برتن کو گرانے کی بجائے فی الحقیقت یہ ان کے گاؤں اور گھروں تک بہتا ہوا پانی فراہم کرتے ہوئے ان کے کندھوں پر سے بوجھ کو اتار رہے ہیں۔‘‘

حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے اپنے خطاب کے اختتام پر بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی علیہ السلام کا یہ اقتباس پیش فرمایا کہ:

’’ہر انسان سے پیار اور ہمدردی کرنا، عبادت کا ایک عظیم طریق ہے اور خدا تعالیٰ کی رضامندی کے حصول کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔‘‘

اس تقریب کی ابتداء میں مکرم محمد اکرم احمدی صاحب چیرمین IAAAE یوروپین چیپٹر نے رپورٹ پیش کی جس میں انہوں نے دوران سال IAAAE کے نمایاں کاموں اور منصوبوں کا ذکر کیا۔

انہوں نے کہا کہ Ebola Virus کے پھیلنے کے نتیجہ میں مغربی افریقہ کے کچھ منصوبے ابھی التوا میں ہیں جبکہ وسط اور مشرقی افریقہ میں تیزی کے ساتھ مسلسل فلاحی کاموں کے پروجیکٹس جاری ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ IAAAE افریقہ اور یورپ میں مختلف مساجد اور مشن ہاؤسز کی تعمیر و توسیع کے سلسلہ میں بھی کام کر رہی ہے۔

حضرت مرزا مسرور احمد صاحب کی دعا سے تقریب کا اختتام ہوا۔

یورپین ممالک سے 120 سے زائد نمائندگان اس سمپوزیم میں شامل ہوئے۔

END RELEASE

For further details please contact:
Incharge Press & Media, Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988, Email: pressamjindia@gmail.com,
Tel: +91-1872-500311, Fax: +91-1872-500178
Noorul Islam Toll Free Number: 1800-3010-2131